گملوں میں سبزیات کی کاشت

مرتبین :

ہما عباس   آفیسر گریڈ II

محمد وہاب   فارم منیجر، وائس پریذیڈنٹ

آفتاب احمد   ایکٹنگ سینئیر وائس پریزیڈنٹ

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ

www.atd.ztbl.com.pk

ZTBL

گملوں میں سبزیات کی کاشت

سبزیات کی گھریلو پیمانے پر کاشت کو کچن گارڈننگ کہتے ہیں۔بہترین خوراکی اجزاء سے بھرپور سبزیاں گھر کے بجٹ کو بھی کنٹرول میں رکھتی ہیں اور تازہ سبزی کا لطف بھی اٹھایا جاسکتا ہے۔اِس لیے سبزیات کی گملوں میں کاشت بھی زمینی کاشت کی طرح فروغ پارہی ہے۔

سبزیات کی گملوں میں کاشت کے فوائد

سبزیات کی گملوں میں کاشت کے مندرجہ ذیل فائدے ہیں:

۱۔ جب زمین میسر نہ ہوتو گملوں میں بآسانی کاشت ممکن ہے۔

۲۔ گملوں یا پاٹس (Pots) میں کاشت بہت کم جگہ والے گھروں میں بھی ہوسکتی ہے۔

۳۔ گملوں میں کاشت خواتین کے لیے نسبتاً زیادہ آسان ہے

۴۔ اِس مخصوص طریقہ کاشت سے مزدوری کا خرچہ بھی بچایا جاسکتا ہے۔

۵۔ کاشتی امور میں آسانی اور وقت کی بچت

۶۔ پانی کی بچت

۷۔ کیڑوں اور بیماریوں کا حملہ کم ہوتا ہے۔

۸۔ سبزی کی چنائی میں آسانی ہوتی ہے۔

کون کون سی سبزیات گملوں میں کاشت کے لیے موزوں ہیں؟

ٹماٹر، بینگن، مرچ، شملہ مرچ، پھلیاں، کھیرے، اور کریلے گرمیوں میں جبکہ دھنیہ، پودینہ، میتھی سلیری، پالک، پارسلے، سلاد، بروکلی اور مٹر سردیوں میں کاشت ہوتے ہیں۔

گملوں کی اقسام اور موزوں ساختیں:

۱۔ سرامک گملے

۲۔ کنکریٹ گملے

۳۔ پلاسٹک کے گملے

۴۔ پھلوں کی پیٹیاں

۵۔ فالتو ٹب، بوتلیں

۶۔ پلاسٹک پائپ (پی۔وی۔سی)

۷۔ پولی تھین بیگ

۸۔ نائیلوں بیگ

۹۔ تھرموپول شیٹ والے ڈبے

۱۰۔ فائبر گلاس کے بنے گملے

گملوں یا پاٹس (Pots) کی بھرائی:۔

گملوں کی بھرائی کے لیے مٹی، ریت اور کمپوسٹ کا آمیزہ ۳ : ۱ : ۲ کی نسبت سے تیار کرلیں۔ یہ تیار کردہ آمیزہ پودوں کی اچھی بڑھوتری کے لیے موزوں رہتا ہے۔

کون کون سی جگہیں گملوں کے رکھنے کے لیے بہتر ہیں؟

۱۔ گھر کے پچھلے صحن میں جہاں دھوپ آتی ہو۔

۲۔ چھت پر

۳۔ بالکونی میں

۴۔ کھڑکیوں میں

۵۔ لان میں

اہم نکات برائے گملوں میں کاشت :۔

۱۔ گملے ایسی جگہ رکھیں جہاں زیادہ دیر دھوپ رہتی ہو۔

۲۔ ہمیشہ ہلکے وزن والا میڈیا استعمال کریں جیسے کمپوسٹ

۳۔ گملوں کا انتخاب سبزی کی قسم کے مطابق کریں۔ کیونکہ کچھ سبزیات کی جڑوں کا پھیلاؤ کم یا زیادہ ہوتا ہے۔

۴۔ موسم کے اختتام پر جب چنائی مکمل ہو جائے تو پودوں کو جڑوں سمیت نکال لیں اور مٹی کو دھوپ میں تقریباً ایک ہفتے کے لیے رکھ دیں تاکہ مٹی سے بیماریوں کے جراثیم دھوپ سے مر جائیں اور مٹی کو اچھی طرح ہوا لگے۔ ایک ہفتے بعد گملوں کی دوبارہ بھرائی کریں۔ اب گملے نئے موسم کی سبزیات کی کاشت کے لیے تیار ہیں۔

مزید معلومات کیلئے برائے رابطہ:

ایکٹنگ سینئر وائس پریزیڈنٹ شعبہ زرعی ٹیکنالوجی

فون نمبر: 051-2840848, 2840842, 2840872

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ ہیڈ آفس 1- فیصل ایونیو، پوسٹ باکس نمبر 1400، اسلام آباد

ویب سائٹ: www.atd.ztbl.com.pk